HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

smartchoice



# TAKAFUL SEHATSHIELD

## Introduction:
SMARTCHOICE aims to offer health insurance products to the general public in Pakistan through its online platform and tele-sales channels, ensuring access to quality healthcare solutions.

EFU Life is proud to present a comprehensive in-patient health insurance product designed for the consumer market. This product offers coverage for expenses related to in-patient hospitalization, day-care surgeries, and certain pre- and post-hospitalization benefits.

The product stands out due to its unique features, including:
• Financial protection against unfortunate illnesses or accidents requiring hospitalization.
• Simple, valuable, and affordable health insurance.
• Peace of mind during unexpected medical emergencies.
• Cashless treatment at over 300+ top-quality hospitals across Pakistan.

## EFU Profile:
EFU Life is the leading Life and Health Insurer and Family Takaful operator in the private sector of Pakistan. Having started operations in 1992 as the first private sector life insurance company, over a span of 32 years EFU Life has established itself as a trusted brand name in providing all types of financial planning and protection solutions.

The Company markets its business through four primary distribution channels – Sales Force, Bancassurance, Group Life and Group Health Channels. Additionally, EFU Life-WTO offers a wide array of retail, digital and inclusive insurance products, catering to individuals across various income brackets and targeting all segments of the population. The company has maintained a strong customer-oriented approach, ensuring growth through tailored products and a commitment to financial protection

## What will be the scope of the cover?
The product's primary objective is to deliver quality health insurance protection to insured members in case of unexpected illnesses or accidental injuries resulting in hospitalization.

### Key coverage includes:
• Expenses related to hospitalization and emergency accidental outpatient treatment.
• Nationwide coverage through EFU Life-WTO extensive network of top-tier hospitals, carefully selected based on stringent quality standards

## Eligibility Criteria:
• Adult Ages: 18 – 65 years (For Self & Family*)
• For Son: 3 Months onwards – 25 years
• For Daughter: 3 Months onwards – Till Marriage
• Maternity Eligibility: 18 – 45 years of age
• Plan is only offered for self with the opinion to extend coverage to family members including spouse or spouse & children
• Newborn children will be included in the plan through enrollment after 2 months

## What will be the coverages for the in-patient hospitalization?
The membership pays for expenses incurred on hospitalization due to Accident and Sickness. The covered In-Patient hospitalization expenses include:
• Room and Board charges
• Nursing Care during hospitalization
• ICU and Operation Theater Charges
• Physician, Surgeon and Anesthetists Fees
• Diagnosis, Treatment and Medicine Expenses during Hospitalization
• Oxygen and Blood Supplies

# Plan Coverage Details

The plan is offered in four distinct variants, allowing you to select a package that aligns with your preferences and needs. The coverage limit applies separately to each family member.

| Hospitalization & Benefits | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Benefits | Platinum Plus | Platinum | Gold | Silver | Bronze |
| | Coverage Per Person | | | | |
| H&R Limits (Per Person / Per Year) | Rs.1,000,000 | Rs.700,000 | Rs.500,000 | Rs.300,000 | Rs.150,000 |
| Room & Board (per day) | Private | Private | Private | Semi - Pvt | Semi - Pvt |
| Pre-& Post Hospitalization Sub Limit (Covering Consultation, Medicines, and lab tests preceding admission to the hospital and after discharge from hospital) | 30 Days | 30 Days | 30 Days | 30 Days | 30 Days |
| Intensive care Unit | Actual | Actual | Actual | Actual | Actual |
| Special Investigations | MRI, CT Scan & Thallium Scan | | | | |
| Daycare Surgeries & Specialized Investigations in Outpatient Settings Including but not limited to:<br><br>Dialysis, Cataract Surgery, MRI, CT Scan, Endoscopy, Thallium Scan, Angiography, Treatment of Fractures, Emergency Dental Treatment due to accidental injuries within 48 hours (for pain relief only). | COVERED | COVERED | COVERED | COVERED | COVERED |
| Medical Emergency Outpatient Expense (Sub Limit) | Rs 20,000 | Rs 10,000 | Rs 10,000 | Rs 10,000 | Rs 10,000 |
| Emergency Accidental Outpatient Expense (Sub Limits) within 48 hours | Rs. 70,000 | Rs. 70,000 | Rs. 50,000 | Rs. 30,000 | Rs. 15,000 |
| Maternity Benefit Optional Coverage ( C - Section Coverage and normal delivery charges. Annual limit for all pregnancies related hospitalization along with pre and post Natal coverage) | 100,000 (Normal)<br><br>200,000 ( C section) | 75,000 (Normal)<br><br>150,000 ( C section) | 75,000 (Normal)<br><br>150,000 ( C section) | 50,000 (Normal)<br><br>100,000 ( C section) | 50,000 (Normal)<br><br>100,000 ( C section) |
| Pre-Existing conditions Covered | 1st year 25% of Annual Limit<br>2nd year 50% of Annual Limit<br>3rd year 75% of Annual Limit<br>4th year onwards 100% of Annual Limit | | | | |
| Local Ambulance Cover | Covered | Covered | Covered | Covered | Covered |
| Emergency International Expenses | Reimbursement only – in line with network hospital | | | | |
| Inadmissible conditions | HIV AIDS, Cancer | | | | |
| Exclusions | OPD, Congenital Birth defects, War, Invasion, Infertility treatments, Routine Medical Checkups, Cosmetic treatments, etc. | | | | |

# The Contribution for the Plan is as follows:

The following contribution rates are applicable depending on the age of the Main Participant Member and eligible dependents of the Main Participant Member as per selected variant.

| Age Next Birthday | Platinum Plus | Platinum | Gold | Silver | Bronze |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 month-17 years | 35,734 | 26,801 | 14,838 | 9,614 | 7,627 |
| 18 - 45 years | 25,403 | 19,052 | 13,200 | 8,123 | 6,821 |
| 46 - 59 years | 37,720 | 28,290 | 16,800 | 11,169 | 9,095 |
| 60 - 65 years | 54,027 | 40,520 | 25,200 | 16,246 | 13,642 |
| Contribution for Maternity Plans (Optional Rider) | 19,644 | 18,489 | 18,489 | 15,600 | 15,600 |

All Amounts in PKR

## What are the Daycare procedures?

Day Care Procedures are those in which the patient is hospitalized for few hours during which surgery is performed and then the patient is discharged on the same day. Such as Cataract, Angiography, Endoscopies, Dialysis, etc.

## Details About Specialized Investigations Covered under this Plan:

This Plan covers three important out-patient tests, without having to get hospitalized, helping you manage important diagnostic needs with ease.

- MRI
- CT Scan
- Thallium Scan

## Pre-& Post hospitalization benefit:

Outpatient expenses, including medication, consultations, and diagnostic tests, are covered if they result in a covered inpatient hospitalization within 30 days.

## Coverage of Miscellaneous Expenses:

Besides the above, some of the other benefits include:

- Local Ambulance Cover
- Emergency Evacuation Cover
- Emergency Accidental Out-Patient (within 48 hours of an accident)
- Emergency Accidental Dental Treatment (for Pain Relief within 48 hours of an accident)

## Emergency International Coverage:

One of the standout features of our membership is emergency international coverage with reimbursement. We'll cover your costs based on what you would have paid at a network hospital in Pakistan.

## Pre-existing Medical Condition Covered?

With our plan, you enjoy 25% coverage in the 1st year, 50% in the 2nd year, 75% in the 3rd year and full 100% from the 4th year onward of annual limit. (Please note, any pre-existing conditions—such as previous illnesses or injuries known before the policy starts—may be disclosed at the time of enrollment).

## Discount on Labs:

The plan offers exclusive discounts of up to 30% at selected labs, helping to lower the cost of various tests and procedures.

## Family Enrollment:

This membership allows you to include children from 2 months to 17 years of age and adults from 18 to 70 years. Age is determined based on the participant's next birthday. Separate contributions will be charged for each member and they will be entitled to an independent annual limit, with benefit levels comparable to the main participant.

## Can I be treated at Non-Network Hospital?

Yes, treatment at a non-network hospital is possible, but the expenses must initially be borne by you. EFU Life will reimburse these costs upon submission of bills, subject to reasonable and customary charges comparable to a Network Hospital for similar treatment. While reimbursement is provided within 15 working days of submitting complete claims and supporting documents, we strongly recommend using Network Hospitals as they are vetted for quality care. This ensures better service and avoids out-of-pocket expenses.

## General Waiting Period:

The General Waiting Period is a 15-day period from the Effective Date of this membership. During this time, expenses for any medical conditions diagnosed will not be covered.

## Inadmissible Condition:

We regret to inform you that this membership is not available for individuals with pre-existing conditions like Diabetes, Cancer or HIV/AIDS.

## Exclusions:

The following Treatments, events, conditions, activities and their related or consequential expenses are excluded from the Policy, unless specifically agreed upon in writing by the Company:

**a.** Any treatment or operation deemed 'medically unnecessary' including plastic surgery, spa treatment, tests or treatments related to fertility, infertility, contraception or sterilization and prostheses, corrective devices and medical appliances not surgically required.

**b.** Birth defects or congenital Illness.

**c.** Self-inflicted Injury, attempted suicide, abuse of alcohol, drug addiction or abuse and Treatment of any sexually transmitted diseases.

**d.** Psychotic, mental or nervous disorders (including any neuroses and their physiological or psychosomatic manifestations) or sexual reassignment (whether or not for psychological reasons).

**e.** Any experimental or unproven Treatment.

**f.** Participating in exercises or operations while serving with either of the armed or paramilitary forces or while performing any form of police duty.

**g.** Injury or Illness due to Natural Catastrophes, Epidemic, including, but not limited to, flood, earthquake, avalanche and cyclone.

**h.** Treatment received outside Pakistan.

**i.** Maternity Conditions shall be covered subject to nine (09) months waiting period under Maternity Care benefit limits

**j.** Any cosmetic surgeries.

## Membership Cancellation Process under Free Look-In Period:

Free Look-in Period is 14 days from the date of deduction to review the plan. If you choose to cancel within this period and no claim has been made, your full Premium will be refunded.

## DISCLAIMER:

• SmartChoice is acting as a corporate insurance agent of the Sehat Shield behalf of EFU Life Assurance Ltd - Window Takaful Operations (“Takaful Operator”) and shall not be held responsible in any manner by any person, including, but not limited to the Prospective insured Member or any third party. Any claim liability arising out of this Smart Choice shall be directly reported to EFU Life Assurance Ltd - Window Takaful Operations.

• Membership will be underwritten, issued and governed by EFU Life Assurance Ltd-WTO

• In addition, the SmartChoice shall not be either directly or indirectly liable for any obligation of the Insured member towards Insurer in respect of the business or any policy offered to the applicant. These policy shall constitute as independent contracts between EFU Life-WTO and the Insured person

• For any service-related complaints, you may contact SmartChoice Contact Centre at 111-212-212, WhatsApp at +923092222389, or email at smartchoice.pk

• If you have any grievance regarding your Takaful Sehat Shield policy, you may contact EFU Life-WTO on (021) 111-338-436.

EFU Life Assurance Ltd - Window Takaful Operations
Plot 112, 8th East Street, DHA Phase I, Karachi, Pakistan
Tel: 111-EFU-436 (111-338-436)
Call Centre: (021)111-HELP-00 (021-111-435-700)
Email: claims@efulife.com

# EFU LIFE ASSURANCE LTD.

EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan

Tel: (021) 111-338-111 Email: csd@efulife.com

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

smartchoice



# تکافل صحت شیلڈ پلان

# تعارف

اسمارٹ چوائس کا مقصد اپنے آن لائن پلیٹ فارم اور ٹیلی سیلز چینلز کے ذریعے پاکستان کے عوام کو معیاری ہیلتھ انشورنس مصنوعات فراہم کرنا ہے، تاکہ صحت سے متعلق جامع اور قابلِ اعتماد حل یقینی بنائے جاسکیں۔

ای ایف یو لائف کو فخر ہے کہ وہ کسٹمرز کے لیے ایک جامع ان۔پیشنٹ ہیلتھ انشورنس پروڈکٹ پیش کر رہا ہے، جو خاص طور پر اسپتال میں داخلے، ڈے کیئر سرجریز، اور اسپتال میں داخلے سے قبل اور بعد کے مخصوص اخراجات کی کوریج فراہم کرتا ہے۔

یہ پروڈکٹ اپنی درج ذیل نمایاں خصوصیات کی بدولت ممتاز حیثیت رکھتا ہے:

- ایسے امراض یا حادثات جن کے باعث اسپتال میں داخلہ ضروری ہو، ان سے مالی تحفظ فراہم کرنا
- سادہ، مؤثر اور باآسانی قابلِ استطاعت ہیلتھ انشورنس
- طبی ہنگامی صورتحال میں ذہنی سکون
- پاکستان بھر کے 300 سے زائد معیاری اسپتالوں میں کیش کے بغیر علاج کی سہولت

## ای ایف یو لائف کا تعارف

ای ایف یو لائف پاکستان کے نجی شعبے میں لائف اور ہیلتھ انشورنس اور فیملی تکافل کے حوالے سے صفِ اول کا درجہ رکھتی ہے۔1992 میں نجی شعبے کی پہلی لائف انشورنس کمپنی کے طور پر آغاز کرنے کے بعد، گزشتہ 32 سالوں میں ای ایف یو لائف نے مالی تحفظ اور منصوبہ بندی کے تمام شعبوں میں ایک معتبر برانڈ کی حیثیت سے اپنا مقام بنایا ہے۔

کمپنی اپنے کاروبار کو چار بنیادی چینلز کے ذریعے فروغ دیتی ہے: سیلز فورس، بینک اشورنس، گروپ لائف، اور گروپ ہیلتھ۔ اس کے علاوہ، ای ایف یو لائف WTO- مختلف انفرادی، ڈیجیٹل اور جامع انشورنس پروڈکٹس پیش کرتا ہے جو ہر آمدنی والے طبقے اور آبادی کے تمام طبقات کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔ کسٹمرز پر مرکوز خدمات، منفرد مصنوعات، اور مالی تحفظ کے عزم نے کمپنی کی مسلسل ترقی کو یقینی بنایا ہے۔

## کوریج کی نوعیت کیا ہوگی؟

اس پلان کا بنیادی مقصد بیمہ شدگان کو غیر متوقع بیماری یا حادثے کی صورت میں اسپتال میں داخلے کے اخراجات سے تحفظ فراہم کرنا ہے۔

## اس میں درج ذیل کلیدی کوریج شامل ہیں:

- اسپتال میں داخلے اور حادثاتی ایمرجنسی آؤٹ پیشنٹ علاج کے اخراجات
- ملک بھر میں ای ایف یو لائف کے معیاری اسپتالوں کے وسیع نیٹ ورک کے ذریعے سہولت کی فراہمی

## اہلیت کا معیار

- بالغ افراد کی عمر: 18 سے 65 سال (خود اور فیملی کے لیے)
- بیٹے کے لیے: 3 ماہ سے 25 سال تک
- بیٹی کے لیے: 3 ماہ سے شادی تک
- میٹرنٹی کی سہولت کیلئے اہلیت: 18 سے 45 سال
- پلان بنیادی طور پر فرد واحد کے لیے پیش کیا جاتا ہے، تاہم شریک حیات یا بچوں کے لیے بھی توسیع کی سہولت دستیاب ہے
- نوزائیدہ بچوں کو دو ماہ بعد اندراج کے ذریعے پلان میں شامل کیا جاسکتا ہے

### ان۔پیشنٹ اسپتال داخلے کی صورت میں کیا کوریج حاصل ہوگی؟

اگر انشورڈ فرد بیماری یا حادثے کی وجہ سے اسپتال میں داخل ہو، تو پلان کے تحت درج ذیل اخراجات کی ادائیگی کی جائے گی:

- کمرے اور بورڈ کے چارجز
- اسپتال میں داخلے کے دوران نرسنگ کیئر
- آئی سی یو اور آپریشن تھیٹر کے اخراجات
- معالج، سرجن، اور اینستھیز یا ڈاکٹرز کی فیس
- ہسپتال میں داخلے کے دوران تشخیص، علاج، اور ادویات کے اخراجات
- آکسیجن اور بلڈ سپلائی کی فراہمی

## پلان کی کوریج کی تفصیلات

یہ ہیلتھ انشورنس پلان چار مختلف ویرینٹس میں دستیاب ہے، تاکہ آپ اپنی ترجیحات اور ضروریات کے مطابق مناسب پیکیج کا انتخاب کرسکیں۔

ہر فیملی ممبر کے لیے کوریج کی حد علیحدہ طور پر لاگو ہوگی۔

| ہسپتال میں داخلہ اور متعلقہ فوائد | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **فوائد** | پلاٹینم پلس | پلاٹینم | گولڈ | سلور | برانز |
| فی فرد سالانہ کوریج کی حد | 10,00,000روپے | 7,00,000روپے | 5,00,000روپے | 3,00,000روپے | 1,50,000روپے |
| کمرہ وقیام (یومیہ) | پرائیویٹ | پرائیویٹ | پرائیویٹ | سیمی پرائیویٹ | سیمی پرائیویٹ |
| ہسپتال میں داخلے سے قبل اور بعد کے اخراجات کی حد (ڈاکٹر سے مشاورت، ادویات، لیبارٹری ٹیسٹ وغیرہ) | 30دن | 30دن | 30دن | 30دن | 30دن |
| آئی سی یو کوریج اصل اخراجات کی بنیاد پر | اصل | اصل | اصل | اصل | اصل |
| خصوصی تشخیصی ٹیسٹ | (ایم آر آئی، سی ٹی اسکین، تھیلیم اسکین وغیرہ) | | | | |
| ڈے کیئر سرجریز اور آؤٹ پیشنٹ سیٹنگ میں خصوصی تشخیصی سہولیات جیسے: ڈائلیسس، موتیے کا آپریشن، ایم آر آئی، اینڈوسکوپی، انجیوگرافی، فریکچر کا علاج، حادثے کی صورت میں 48 گھنٹوں کے اندر دانتوں کا ایمرجنسی علاج (صرف درد میں آرام کیلئے) | کورڈ | کورڈ | کورڈ | کورڈ | کورڈ |
| میڈیکل ایمرجنسی میں آؤٹ پیشنٹ اخراجات کی ذیلی حد | 20,000روپے | 10,000روپے | 10,000روپے | 10,000روپے | 10,000روپے |
| حادثاتی ایمرجنسی میں آؤٹ پیشنٹ اخراجات کی ذیلی حد (48 گھنٹوں کے اندر) | 70,000روپے | 70,000روپے | 50,000 روپے | 30,000 روپے | 15,000 روپے |
| میٹرنٹی بینیفٹ (اختیاری) (سی سیکشن اور نارمل ڈیلیوری کے اخراجات۔ تمام حمل سے متعلقہ داخلے اور قبل اور بعد کی دیکھ بھال پر سالانہ حد) | نارمل: 100,000روپے<br>سی سیکشن: 200,000روپے | نارمل: 75,000روپے<br>سی سیکشن: 150,000روپے | نارمل: 75,000روپے<br>سی سیکشن: 150,000روپے | نارمل: 50,000روپے<br>سی سیکشن: 100,000روپے | نارمل: 50,000روپے<br>سی سیکشن: 100,000روپے |
| پہلے سے موجود امراض کی کوریج | پہلے سال: سالانہ حد کا 25% دوسرا سال: 50% تیسرا سال: 75% چوتھے سال سے مکمل (100%) | | | | |
| مقامی ایمبولینس کی سہولت | کورڈ | کورڈ | کورڈ | کورڈ | کورڈ |
| بین الاقوامی ایمرجنسی اخراجات | صرف قابلِ واپسی، نیٹ ورک ہسپتال کے مطابق | | | | |
| نا قابل قبول امراض کی فہرست | ایچ آئی وی/ایڈز، کینسر | | | | |
| مکمل استثنٰی | آؤٹ پیشنٹ اخراجات، پیدائشی نقائص، جنگ، حملہ، بانجھ پن کا علاج، معمول کا میڈیکل چیک اپ، کاسمیٹک علاج وغیرہ | | | | |

## پلان کا کنٹری بیوشن درج ذیل ہے:

پلان کے لیے قابلِ اطلاق کنٹری بیوشن کی شرحیں مرکزی پارٹیسپنٹ ممبر کی عمر اور اس کے اہلِ خانہ کے افراد کی عمر کے مطابق منتخب کردہ پلان ویریئنٹ کی بنیاد پر مقرر کی گئی ہیں۔

| عمر (اگلی سالگرہ کے مطابق) | پلاٹینم پلس | پلاٹینم | گولڈ | سلور | برانز |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 ماہ تا 17 سال | 35,734روپے | 26,801روپے | 14,838روپے | 9,614روپے | 7,627روپے |
| 18 تا 45 سال | 25,403روپے | 19,052روپے | 13,200روپے | 8,123روپے | 6,821روپے |
| 46 تا 59 سال | 37,720روپے | 28,290روپے | 16,800روپے | 11,169روپے | 9,095روپے |
| 60 تا 65 سال | 54,027روپے | 40,520روپے | 25,200روپے | 16,246روپے | 13,642روپے |
| میٹرنٹی پلان کا کنٹری بیوشن (اختیاری رائڈر) | 19,644روپے | 18,489روپے | 18,489روپے | 15,600روپے | 15,600روپے |

تمام رقوم پاکستانی روپے میں ہیں

## ڈے کیئر پروسیجرز کیا ہوتے ہیں؟

ڈے کیئر پروسیجرز ایسے طبی طریقہ کار ہیں جن میں مریض کو چند گھنٹوں کے لیے ہسپتال میں داخل کیا جاتا ہے، علاج یا سرجری مکمل ہونے کے بعد اسی دن ڈسچارج کر دیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر: موتیے کا آپریشن، انجیو گرافی، اینڈوسکوپی، ڈائلیسس وغیرہ۔

## اس پلان کے تحت کورڈ خصوصی تشخیصی ٹیسٹ کی تفصیلات؟

اس پلان کے ذریعے تین اہم تشخیصی ٹیسٹس بغیر ہسپتال داخلے کے کور کیے جاتے ہیں، تاکہ آپ کو اپنے اہم تشخیصی درکار ضروری اخراجات سہولت سے پورے کرنے میں مدد مل سکے:

ایم آر آئی (MRI)

سی ٹی اسکین (ScanCT)

تھیلیم اسکین (Thallium Scan)

## ہسپتال داخلے سے قبل اور بعد کے فوائد

اگر آؤٹ پیشنٹ اخراجات — جیسا کہ دوائیں، ڈاکٹر کی فیس یا لیب ٹیسٹس — کسی ایسے علاج سے متعلق ہوں جو بعد ازاں مریض کے ہسپتال میں داخلے کا سبب بنے، تو وہ 30 دن کی مدت تک کوریج میں شامل ہوں گے۔

## متفرق اخراجات کی کوریج

مذکورہ فوائد کے علاوہ مندرجہ ذیل اضافی فوائد بھی پلان کا حصہ ہیں:

مقامی ایمبولینس کی سہولت

ایمرجنسی انخلاء (Evacuation) کی سہولت

حادثے کے 48 گھنٹوں کے اندر ایمرجنسی آؤٹ پیشنٹ علاج

حادثے کے بعد 48 گھنٹوں کے اندر دانتوں کا ایمرجنسی علاج (صرف درد میں آرام کیلئے)

## بین الاقوامی ایمرجنسی کوریج

ہمارے پلان کی ایک نمایاں خصوصیت بین الاقوامی ایمرجنسی کوریج ہے، جو ری امبرسمنٹ (قابلِ واپسی رقم) کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہے۔ اس سہولت کے تحت بیرونِ ملک علاج کی صورت میں وہ اخراجات ادا کیے جائیں گے جو آپ کو پاکستان میں نیٹ ورک ہسپتال میں ادا کرنے پڑتے۔

## کیا پہلے سے موجود امراض کی کوریج شامل ہے؟

جی ہاں، اس پلان میں پہلے سے موجود طبی مسائل کی تدریجی کوریج فراہم کی جاتی ہے یعنی پہلے سال سالانہ حد کا 25%، دوسرا سال 50%، تیسرا سال 75%، چوتھے سال سے مکمل (100%) کوریج دستیاب ہوگی۔ (نوٹ: ایسے تمام امراض یا انجریز کی تفصیلات اندراج کے وقت فراہم کی جا سکتی ہیں، جو پالیسی کے آغاز سے پہلے موجود ہوں)

## لیبارٹریز پرڈسکاؤنٹ کی سہولت

اس پلان کے تحت منتخب لیبارٹریز میں مختلف ٹیسٹ اور پروسیجرز پر 30% تک خصوصی رعایت دی جاتی ہے، تاکہ آپ کے طبی اخراجات کم ہوسکیں۔

## فیملی اندارج

یہ ممبرشپ آپ کو یہ سہولت فراہم کرتی ہے کہ آپ اپنے خاندان کے افراد یعنی بچے 2 ماہ سے 17 سال تک اور بالغ افراد 18 سال سے 70 سال تک بھی پلان میں شامل کرسکتے ہیں۔ عمر کا تعین پارٹیسپنٹ ممبر کی اگلی سالگرہ کے حساب سے کیا جائے گا)۔ ہر ممبر کے لیے الگ کنٹری بیوشنز لاگو ہوں گے، اور ہر فرد کو ایک آزاد سالانہ حد دی جائے گی، جو مرکزی پارٹیسپنٹ کے مساوی فوائد کی سطح رکھتی ہوگی۔

## کیا نیٹ ورک ہسپتال کے علاوہ دیگر ہسپتال میں علاج کروایا جاسکتا ہے؟

جی ہاں، آپ نیٹ ورک ہسپتال کے علاوہ دیگر ہسپتال سے علاج کرواسکتے ہیں، تاہم اخراجات پہلے آپ کو خود ادا کرنا ہوں گے۔ بعد ازاں، ای ایف یو لائف ان اخراجات کی ادائیگی کرے گا (قابلِ واپسی رقم کی بنیاد پر)، بشرطیکہ آپ بل اور تمام ضروری دستاویزات جمع کروائیں جو نیٹ ورک ہسپتال میں اسی طرح کے علاج میں مناسب چارجز کے ساتھ ہو۔ ادائیگی 15 کاروباری دنوں کے اندر کردی جائے گی، بشرطیکہ تمام کلیم مکمل ہوں۔ تاہم بہتر سروس اور خرچ سے بچاؤ کے لیے ہماری تجویز ہے کہ نیٹ ورک ہسپتالز کا ہی انتخاب کریں کیونکہ معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اِن کی جانچ کی جاتی ہے اور منظور شدہ ہوتے ہیں۔

## پلان کیلئے عمومی ویٹنگ پیریڈ

اس پلان کے تحت، رکنیت فعال ہونے کے بعد ابتدائی 15 دن کا ویٹنگ پیریڈ لاگو ہوگا۔ اس مدت کے دوران اگر کسی بھی مرض کی تشخیص ہوتی ہے، تو اس کے اخراجات کور نہیں کیے جائیں گے۔

## نا قابلِ قبول طبی حالات

یہ پلان ان افراد کے لیے دستیاب نہیں ہے جنہیں پہلے سے ذیابیطس، کینسر یا ایچ آئی وی/ ایڈز جیسے امراض لاحق ہوں۔

## مستثنیات:

مندرجہ ذیل علاج، حالات، سرگرمیاں اور اُن سے منسلک اخراجات اس پالیسی میں شامل نہیں ہیں (بشمول وہ صورتیں جہاں کمپنی تحریری اجازت نہ دے):

الف) ایسا کوئی بھی علاج یا آپریشن جو "طبی اعتبار سے ضروری" نہ ہو، مثلاً: پلاسٹک سرجری، اسپا ٹریٹمنٹ، بانجھ پن، حمل روکنے کے علاج، مصنوعی اعضاء، درستگی کے آلات، یا وہ طبی آلات جو سرجری کے بغیر ضروری نہ ہوں۔

ب) پیدائشی نقص یا پیدائشی بیماری۔

ج) خود کو نقصان پہنچانا، خودکشی کی کوشش، شراب یا نشہ آور اشیاء کا استعمال، یا جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں کا علاج۔

د) دماغی، نفسیاتی یا اعصابی امراض (جسمانی یا نفسیاتی علامات سمیت) اور جنس کی تبدیلی کے علاج (خواہ وہ نفسیاتی وجوہات کی بنا پر ہو)۔

ہ) ایسا کوئی بھی علاج جو تجرباتی یا غیر ثابت شدہ ہو۔

و) مسلح افواج، نیم فوجی اداروں، یا پولیس ڈیوٹی کی انجام دہی کے دوران کسی بھی جسمانی مشق یا آپریشن میں شامل ہونے سے لاحق انجری یا بیماری۔

ز) قدرتی آفات یا وباؤں جیسے زلزلہ، سیلاب، برفانی تودہ، یا طوفان سے لاحق انجری یا بیماری۔

ح) پاکستان سے باہر حاصل کردہ کوئی بھی علاج۔

ط) میٹرنٹی (زچگی) سے متعلق علاج صرف اس صورت میں کور کیا جائے گا جب ممبر شپ کے نو (9) ماہ مکمل ہو چکے ہوں۔

ی) تمام اقسام کی کاسمیٹک سرجریز۔

## ممبر شپ کی منسوخی کا طریقہ کار (فری لُک اِن پیریڈ کے تحت)

فری لُک اِن پیریڈ وہ رعایتی مدت ہے جو ممبر شپ دستاویزات کی وصولی کے بعد 14 دن پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس دوران، آپ پلان کی شرائط وضوابط کا تفصیلی جائزہ لے سکتے ہیں اور یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آپ اس تکافل کوریج کو جاری رکھنا چاہتے ہیں یا نہیں۔ اگر آپ اس 14 دن کی مدت کے اندر ممبر شپ منسوخ کروانا چاہیں، تو آپ کی مکمل کنٹری بیوشن کی رقم واپس کر دی جائے گی، بشرطیکہ اس دوران کوئی کلیم جمع نہ کروایا گیا ہو۔

## ڈسکلیمر

- اسمارٹ چوائس، ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز (تکافل آپریٹر) کی جانب سے صحت تکافل شیلڈ کی کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہا ہے اور اس کی ذمہ داری کسی بھی فرد کے حوالے سے اس پر عائد نہیں ہوگی، خواہ وہ ممکنہ انشورڈ ممبر ہو یا کوئی تھرڈ پارٹی۔
- اسمارٹ چوائس کے ذریعے حاصل کی گئی کسی بھی انشورنس کے کلیم کی ذمہ داری براہ راست ای ایف یو لائف اشوررنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز پر عائد ہوگی
- ممبر شپ کا اجراء، ملکیت، اور اس پر عمل درآمد مکمل طور پر ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ۔WTO کے دائرہ اختیار میں ہوگا۔
- اسمارٹ چوائس، انشورڈ فرد کے بیمہ فراہم کنندہ کے ساتھ تعلق یا کسی مالیاتی ذمہ داری کے لیے، براہِ راست یا بالواسطہ، کسی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔
- یہ پالیسی بیمہ کنندہ (ای ایف یو لائف)۔WTO اور انشورڈ فرد کے درمیان خودمختار معاہدہ تصور کی جائے گی۔
- کسی بھی سروس سے متعلق شکایت کی صورت میں، آپ اسمارٹ چوائس سے کال سینٹر: 111-212-212، واٹس ایپ: 923092222389+ پر رابطہ کر سکتے ہیں یا ہمیں smartchoice.pk پر ای میل بھی کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو اپنی تکافل صحت شیلڈ پالیسی کے حوالے سے کوئی شکایت ہو، تو آپ ای ایف یو لائف۔WTO سے اس نمبر 111-338-436 (021) پر براہِ راست رابطہ کر سکتے ہیں۔


ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز

پتہ: پلاٹ نمبر 112، 8th ایسٹ اسٹریٹ، ڈی ایچ اے فیز I، کراچی، پاکستان

ٹیلی فون: (111-338-436) 111-EFU-436

کال سینٹر: (021-111-435-700) (021)111-HELP-00

ای میل claims@efulife.com